# شاہین

کیا میں نے اس خاک داں سے کنارا
جہاں رزق کا نام ہے آب و دانہ
بیاباں کی خلوت ، خوش آتی ہے مجھ کو
ازل سے ہے فطرت مری راہبانہ
نہ بادِ بہاری ، نہ گلچیں ، نہ بلبل
نہ بیماریٔ نغمۂ عاشقانہ
خیابانیوں سے ہے پرہیز لازم
ادائیں ہیں ان کی بہت دلبرانہ
ہوائے بیاباں سے ہوتی ہے کاری
جواں مرد کی ضربتِ غازیانہ
حمام و کبوتر کا بھوکا نہیں مَیں
کہ ہے زندگی باز کی زاہدانہ
جھپٹنا ، پلٹنا ، پلٹ کر جھپٹنا
لہو گرم رکھنے کا ہے اک بہانہ
یہ پورب ، یہ پچھم ، چکوروں کی دنیا
مرا نیلگوں آسماں بیکرانہ
پرندوں کی دنیا کا درویش ہوں مَیں
کہ شاہیں بناتا نہیں آشیانہ

☆☆☆

# پیوستہ رہ شجر سے اُمیدِ بہار رکھ

ڈالی گئی جو فصلِ خزاں میں شجر سے ٹوٹ
ممکن نہیں ہری ہو سحابِ بہار سے
ہے لازوال عہدِ خزاں اس کے واسطے
کچھ واسطہ نہیں ہے اسے برگ و بار سے
ہے تیرے گلستاں میں بھی فصلِ خزاں کا دَور
خالی ہے جیبِ گل زرِ کامل عیار سے
جو نغمہ زن تھے خلوتِ اوراق میں طیور
رخصت ہوئے ترے شجرِ سایہ دار سے
شاخِ بریدہ سے سبق اندوز ہو کہ تو
ناآشنا ہے قاعدۂ روزگار سے
مِلّت کے ساتھ رابطہ استوار رکھ
پیوستہ رہ شجر سے اُمیدِ بہار رکھ

☆☆☆

# مشق

1- مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جواب لکھیں؟

i- ''شاہین'' کا مرکزی خیال کیا ہے؟

ii- ''پیوستہ رہ شجر سے امید بہار رکھ'' کا مرکزی خیال کیا ہے؟

iii- عقل اور دل نے اپنی اپنی بڑائی کا کیا جواز پیش کیا ہے؟

iv- ''عقل ودل'' کا مرکزی خیال لکھیں؟

v- دیارِ عشق سے کیا مراد ہے؟

vi- شاخِ بریدہ سے کیا سبق حاصل ہوتا ہے؟

vii- آپ کے خیال میں عقل کی اہمیت زیادہ ہے یا دل کی؟

viii- ''شیشہ گرانِ فرنگ'' سے کیا مراد ہے؟

ix- جاوید کے نام خط میں علامہ اقبال نے اسے کیا تلقین کی ہے؟

x- اقبال نے کس دل کو دلِ فطرت شناس کہا ہے؟

2- عقل ودل کا خلاصہ لکھیں۔

3- علامہ اقبال کی شاعری پر ایک تنقیدی نوٹ لکھیں۔

4- علم بیان کی اصطلاح میں نظم یا نثر میں کسی مشہور قصے، واقعے، روایت، حدیث یا کلام پاک کی کسی آیت کی طرف اشارہ کیا جائے تو اسے تلمیح کہتے ہیں۔ چنانچہ ''خضر'' اور ''طائرِ سدرہ'' تلمیحات ہیں۔ ان کی وضاحت کریں۔

5- مندرجہ ذیل شعری تراکیب کی وضاحت کریں۔

مثلِ خضرِ خجستہ پا۔ کتابِ ہستی۔ مظہرِ شانِ کبریا۔ غیرت لعلِ بے بہا۔ رازِ ہستی۔

خدا جُو۔ فصلِ خزاں۔ زرِ کامل عیار۔ شیشہ گرانِ فرنگ۔ خدا نما۔

6- خالی جگہ پر کریں:

i- ............کی انتہا ہے بے تابی

ii- اٹھا نہ شیشہ گرانِ فرنگ کے............

iii- خیابانوں سے ہے پرہیز............

iv- پرندوں کی دنیا کا............ہوں میں

v- پیوستہ رہ شجر سے امید............رکھ

7- علامہ اقبال کی نظم ''پیوستہ رہ شجر سے امید بہار رکھ'' کا تنقیدی جائزہ لیں۔

8- مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات میں سے جو درست ہیں، اس پر (✓) کا نشان لگائیں۔

i- ''عقل ودل'' کس شاعر کی نظم ہے؟

ا۔ اسمٰعیل میرٹھی کی　ب۔ اکبرالہ آبادی کی　ج۔ نظیر اکبرآبادی کی　د۔ علامہ اقبال کی

ii- ''جاوید کے نام'' کس شاعر کی نظم ہے؟

ا۔ اسمٰعیل میرٹھی کی　ب۔ اکبرالہ آبادی کی　ج۔ نظیر اکبرآبادی کی　د۔ علامہ اقبال کی

iii- علامہ اقبالؒ کی زیادہ تر وجہ شہرت کیا ہے؟

ا۔ پروفیسری　ب۔ وکالت　ج۔ سیاست　د۔ شاعری

iv- جاوید کا خط علامہ اقبال کو کہاں وصول ہوا؟

ا۔ لاہور میں　ب۔ لندن میں　ج۔ کیمبرج میں　د۔ میونخ میں

☆☆......☆☆......☆☆